Maulana Azad National Urdu University

Bachelor of Arts

I -Semester - March - 2023

Paper - : BAUR111CCT - Tareekh- E- Adab E Urdu

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks   **3** Hrs : وقت : Time گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال (1)

i. ہند آریائی زبانوں کا ارتقا کتنے ادوار میں ہوا ہے۔

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

ii. 'اردو سندھ میں پیدا ہوئی' یہ کس کا نظریہ ہے؟

(a) حافظ محمود شیرانی (b) مسعود حسین خان (c) نصیر الدین ہاشمی (d) سید سلیمان ندوی

iii. کس بادشاہ نے اپنا پایہ تخت دہلی سے دولت آباد منتقل کیا ۔

(a) جلال الدین خلجی (b) علاءالدین خلجی (c) محمد بن تغلق (d) غیاث الدین تغلق

iv. قطب شاہی سلطنت کا بانی کون ہے؟

(a) سلطان عبداللہ قطب شاہ (b) سلطان محمد قلی قطب شاہ (c) سلطان محمد قطب شاہ (d) سلطان قلی قطب الملک

v. بیجاپور کس سلطنت کا پایہ تخت تھا؟

(a) برید شاہی (b) عادل شاہی (c) قطب شاہی (d) عماد شاہی

vi. فورٹ ولیم کالج کب اور کہاں قائم ہوا؟

(a) 1802 بمبئی (b) 1800 دہلی (c) 1801 مدراس (d) 1800 کلکتہ

vii. رسالہ 'تہذیب الاخلاق' کو کس نے جاری کیا؟

(a) مولانا الطاف حسین حالی (c) سرسید احمد خان ((c) علامہ شبلی نعمانی (d) ڈپٹی نذیر احمد

viii. میر تقی میرؔ کا تعلق شاعری کے کس دبستان سے ہے۔

(a) دہلی (b) لکھنؤ (c) عظیم آباد (d) رامپور

ix. ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کی صدارت کس نے کی؟

(a) سجاد ظہیر (b) منشی پریم چند (c) ملک راج آنند (d) جیوتی گھوش

x. داستان 'باغ و بہار' کے مصنف کون ہیں؟

(a) میر امن دہلوی (b) سید حیدر بخش حیدری (c) میر شیر علی افسوس (d) مظہر علی خان ولا

حصہ دوم

2. ویدک سنسکرت اور کلاسیکی سنسکرت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

3. جدید ہند آریائی زبانیں کونسی ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

4. دبستانِ لکھنو کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

5. دہلی کالج کے قیام اور اس کے مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

6. مغربی ہندی اور اس کی بولیوں کا جائزہ لیجئے۔۔

7. ولی دکنی کے حالاتِ زندگی بیان کیجئے۔

8. جان گلکرسٹ کی اردو خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔

9. رومانوی تحریک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

حصہ سوم

10. اردو زبان کے آغاز و ارتقا کے مختلف نظریات پر بحث کیجئے۔

11. قطب شاہی عہد میں شعر و ادب کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

12. اردو ادب کے آغاز کے سماجی و تہذیبی پس منظر پر روشنی ڈالئے۔

13. سرسید احمد خان اور علی گڈھ تحریک پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

14. ترقی پسند تحریک کے اہم شعراء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

☆☆☆